# انڈین پارلیمان کی تقریب حلف برداری میں اللہ اکبر اور جے شری رام کی گونج کیوں؟

منگل کو انڈین پارلیمان میں کامیاب امیدواروں کی حلف برداری کے درمیان وہی ماحول نظر آیا جو انتخابات کے دوران تھا اور اللہ اکبر اور جے شری رام کے نعروں کے درمیان ہندو راشٹر زندہ باد اور فلسطین زندہ باد کے بھی نعرے لگے جس نے ایک قسم کے تنازعے کو جنم دیا ہے۔ سوموار کو انڈیا کی 18 ویں پارلیمان کا مون سون اجلاس شروع ہوا جس میں انڈیا کے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ حکومت چلانے کے لیے اکثریت ضروری ہے لیکن ملک چلانے کے لیے عام رضامندی ضروری ہے۔ منگل کو بھی حلف برداری کی تقریب کے دوران کچھ ارکان پارلیمنٹ نے حلف اٹھانے کے بعد آخر میں ایسے نعرے لگائے جس سے پارلیمنٹ میں ہنگامہ برپا ہوگیا۔ جب اتر پردیش کے پارلیمانی حلقے بریلی سے بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ چھتر پال سنگھ گنگوار نے اپنی حلف برداری کے ساتھ ہی ہندو راشٹر کی جے کہا تو حزب اختلاف کے اراکین پارلیمنٹ نے اسے آئین کے خلاف قرار دیتے ہوئے شور مچایا۔ جب حیدرآباد سے مجلس اتحاد المسلمین کے رکن پارلیمان اسدالدین اویسی کا نام حلف لینے کے لیے پکارا گیا اور وہ حلف لینے کے لیے جانے لگے تو جے شری رام کا نعرہ لگایا جانے لگا۔ انھوں نے اپنے جانے پہچانے انداز میں اردو زبان میں اللہ کے نام پر حلف لیا اور اخیر میں جے بھیم، جے میم، جے تلنگانہ، جے فسلطین کا نعرہ لگایا جس کے بعد پارلیمان کا تنازع پارلیمان کے باہر سوشل میڈیا تک پہنچ گیا۔ بی جے پی کے آئی ٹی سیل کے سربراہ امیت مالویہ نے اسدالدین اویسی کے جے فلسطین یعنی فلسطین زندہ باد کہنے پر رکن پارلیمان کی حیثیت سے نااہل قرار دینے کا مطالبہ کیا۔ امت مالویہ نے آئین کے آرٹیکل 102 کا حوالہ دیتے ہوئے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا: کسی غیر ملکی ریاست سے وفاداری کا اعلان کرنے پر انھیں لوک سبھا کی رکنیت سے نااہل قرار دیا جانا چاہیے۔ اویسی نے پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے کہا کہ انھوں نے ایسی کوئی بات نہیں کہی جو آئین کے خلاف ہو۔ بہرحال کسی نے خدا یا ایشور کے نام سے حلف اٹھایا تو کسی نے اللہ کے نام سے، کسی نے ہندی زبان میں تو کسی نے انگریزی، اردو، سنسکرت اور اپنی علاقائی زبانوں میں حلف اٹھایا۔ بی بی سی نے اس تنازعے کے بارے میں بہار کے کدوا اسمبلی حلقے سے کانگریس کے ایم ایل اے شکیل احمد خان سے رابطہ کیا جنھوں نے اسمبلی میں سنسکرت زبان میں حلف لیا تھا جسے بعض حلقوں میں سراہا گیا تھا اور بعض میں تنقید کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ آپ حلف جس زبان اور جس طرح سے لیں اس کی آپ کو آئین اجازت دیتا ہے لیکن اصل بات پارلیمان اور آئین کے وقار کی پاسداری ہے۔ ہم نے اس کے متعلق دہلی کی معروف یونیورسٹی جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پروفیسر محمد سہراب سے بات کی تو انھوں نے چند نکات کی جانب اشارہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ انڈین پارلیمان میں جہاں تک جے شری رام اور اللہ اکبر کے نعروں کی بات تو بنیادی طور پر انڈین پارلیمنٹ کے اندر وہی ہوا جو بدقسمتی سے سماج میں ہو رہا ہے۔ پارلیمان جو کہ اخلاقی اقدار کی پاسداری کا اعلیٰ ترین مقام ہے اسے بی جے پی کے لوگوں پہلے ہی ناپاک کر دیا ہے۔ بی جے پی کے لوگ پارلیمان میں وہی کرتے ہیں جو وہ سوسائٹی میں کرتے ہیں۔ انھوں نے مثال کے طور پر بی جے پی رہنما بدھوری کا ذکر کیا جنھوں نے ایک مسلم رکن پارلیمان کنور دانش علی کو ایوان کے اندر کٹوا※ کہا تھا اور مذہب کی بنیاد پر ان کی تذلیل کی تھی۔ انھوں مزید کہا:


دوسری بات یہ ہے کہ بی جے پی نے سماج کو جس طرح سے فرقہ وارانہ طور پر زہر آلود کیا ہے اسی طرح وہ پارلیمان کو بھی کرتے رہے ہیں اور اس کا نمونہ آپ کو کل ہی پارلیمان میں حلف برداری کے دوران نظر آیا تیسری بات یہ ہے کہ جس طرح سے بی جے پی نے مذاق اڑانے کا کلچر شروع کیا ہے اسے آپ کس اخلاقی پرزم سے دیکھیں گے؟ ملک کا کون سا دستور ہے جو انھیں یہ اجازت دیتا ہے کہ ہندو راشٹر کے نام پر ووٹ لیں اور ہندو راشٹر زندہ باد کا نعرہ لگائیں۔ یہ اخلاقی تضاد اور منافقت کی کلاسیک مثال ہے۔ انھوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ سیکولر تو دور کی بات ہے وہ ڈیموکریسی کا مذاق اور اس کی دھجیاں اڑاتے ہیں کیونکہ وہ موبوکریسی (ہجوم کے نظریے) میں یقین کرتے ہیں جو کہ آئین ہند کو انڈرمائن کرتا ہے یعنی اس کے اقدار کو پامال کرتا ہے۔ انھوں نے اسدالدین اویسی کے جے فلسطینکے متعلق کہا: اب جہاں تک اویسی کا معاملہ ہے تو اسدالدین اویسی کو چاہیے کہ مناسب وقت پر وہ فلسطین کے متعلق بھارت کی پالیسی کو جامع انداز میں پیش کریں اور اسے اجاگر کریں۔ انڈیا کو چاہیے کہ وہ فلسطین پر واضح موقف اختیار کریں۔ اور اسرائیل اور فلسطین کے تعلق سے جو ابہام کا بادل پیدا کر رکھا ہے اسے صاف کریں۔

# شکتی پیٹھ،، امرناتھ یاترا، کشمیر میں

رشید پروین سوپو ------------------



شکتی پیٹھ امرناتھ گپھا کی یاترا ۲۹ جون سے شروع ہوجائے گی اور لگ بھگ دو مہینوں یعنی ۱۹ اگست تک جاری رہے گی، پہلے یہ یاترا چودہ پندرہ دنوں تک محدود رہا کرتی تھی لیکن اب اس کا دورانیہ دو مہینوں تک پھیلا دیا گیا ہے، سرکار اس یاترا کے سلسلے میں اپنی طرف سے بہت سارے انتظامات زائرین کے لئے کرتی ہے اور اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ یہاں آنے والے یاتریوں کو اس دشوار گذار سفر میں تمام سہولیات اور آسانیاں میسر ہوں، سارے بھارت میں شکتی پیٹھ (قوت کے سرچشمے) کی تعداد اگرچہ ۵۱ تسلیم کی جاتی ہے اور امرناتھ پچاسویں شکتی پیٹھ جگہ مانی جاتی ہے جہاں سارے بھارت سے اب لاکھوں کی تعداد میں ہندو زائرین امرناتھ گپھا میں شیولنگ کے درشن سے مستفید ہوتے ہیں، اس سے پہلے کہ اس سفر کے مراحل کا تذکرہ ہو یہ جاننا ضروری ہے کہ شکتی پیٹھ، کیا ہے اور ان کا وجود کیسے ہوا ہے؟، ہندو دھرم کی قدیم کتابوں میں اس کا تذکرہ ہے ہندو میتھالوجی کے مطابق یہ مقامات یوں وجود پا گئے ہیں کہ ''ستی، جس سے پاروتی ماتا یا اوما کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، انسانی جسم میں پرجاپتی کی بیٹی تھی جس نے اپنے باپ کی خواہش کے خلاف لارڈ شیوا سے بیاہ رچایا،، دکھشا پرجاپتی نے ایک بہت بڑا یگیہ کیا جس میں اس نے دیوی دیوتاؤں کو مدعو کیا لیکن لارڈ شیواہ کو اس یگیہ میں نہیں بلایا، ستی دیوی نے اس یگیہ میں شیواہ کی خواہش کے خلاف شمولیت کی جہاں اس کے باپ نے تمام دیوی دیوتاؤں کے سامنے ستی کی بے عزتی کی، جس سے 'ستی' برداشت نہیں کر پائی اور اپنے پران تیاگ دئے، اس صدمے سے لارڈ شیواہ بے حد مجروح ہوئے اور ویرا بھدرا کے ذریعے سے دکھشا کا یگیہ تباہ کیا، پرجاپتی کا سر کاٹا۔ اس کے باوجود غصہ ٹھنڈا نہیں ہوا تو، ستی کا بے جان جسم اٹھا کر ہر سو تانڈو (وناشک) ناچ شروع کیا، دیوتاؤں نے اس سے ایسا کرنے سے روکا، اور ویشنو دیوتا نے اپنے چکر سے ستی کے جسم کو کاٹ کر ۵۱ حصوں میں تقسیم کیا جو بھارت کی مختلف جگہوں اور مقامات پر گرتے چلے گئے، اور جہاں جہاں یہ اعضا گرے وہیں 'شکتی پیٹھ' استھان وجود میں آ گیا کیونکہ یہ قوت کے سرچشمے تھے اور تب سے ان استھانوں کی ہزاروں برس سے یاترا ہوتی ہے اور عقیدت مند ان مقامات کو مقدم اور مقدس سمجھ کر ان کے درشن کرتے رہتے ہیں،، امرناتھ گپھا ڈسٹرکٹ اننت ناگ، لدر وادی میں واقع ہے، اور یہ ۳۸۸۸ میٹر یعنی ۷۵۶، ۱۲ فٹ کی بلندی پر اسلام آباد سے ۱۶۸ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، پہلگام کے بارے میں اکثر و بیشتر لوگ جانتے ہیں کہ خوابوں کی سرزمین ہے، اور کشمیر آنے والے لوگ لازمی طور پر یہاں آ کر ابدی اور ازلی حسن کا ادراک کر لیتے ہیں یہاں سے ہی اصل میں امرناتھ کا سفر شروع ہوتا ہے اور ایک طرح سے یہ حسین سرزمین امرناتھ کے لئے بیس کیمپ مانا جاتا ہے، یہ ہندوؤں کا تیرتھ استھان اور پوتر غار گلیشروں کی کوکھ میں ہے چاروں طرف گلیشروں کا حصار ہے اور راستہ بھی دشوار گذار ہے، لیکن درشن کی چاہت اور آرزو کشاں کشاں اطراف اکناف اور دور دراز کے بھارت واسیوں کو اپنی طرف کھینچتی ہے، یہ برف پوش پہاڑ، اور ہزاروں برس کے گلیشر انسانی سوچوں کو دستک بھی دیتے ہیں اور اس گپھا کا یہاں ہونا قدرت کی نشانیوں میں ہی ایک نشانی سمجھی جا سکتی ہے، گلیشروں سے ڈھکے ہوئے پہاڑوں کے بیچ میں یہ ایک وسیع غار ہے، یہ گپھا بہت بڑی ہے، اس میں داخل ہونے کا دروازہ لگ بھگ چالیس گز اور اس کی بلندی ۷۵ فیٹ ہے اور یہ گپھا پہاڑ کے اندر نیچے ۸۰ فیٹ ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ گپھا حیران کن ہے، جس کی اہمیت شیو لنگھم سے بنتی ہے اور اسی شیو لنگھم کی وجہ سے یہ تیرتھ استھان بھی ہے اور مشہور و معروف بھی ہے، یہ شیو لنگھم کیا ہے اور اس کے ساتھ کئی کہانیاں بھی جڑی ہیں لیکن سب سے پہلے یہ بات کہ لنگھم اس غار کی چھت سے سے جون جولائی میں ٹپکنے والے پانی کے قطروں سے وہ شکل اختیار کرتا ہے جس سے لنگھم کہا جاتا ہے، یہ پانی کے قطرے چھت سے فرش پر آتے ہیں جم جاتے ہیں اور اس طرح آہستہ آہستہ لنگھم کا روپ دھار لیتے ہیں، اور جب مکمل ہوتا ہے تو یہی یاتریوں کے اصل درشن دن ہوتے ہیں اس لنگھم کو شیواہ کی phsical manifestation تصور کیا جاتا ہے جس کے درشن کے لئے لاکھوں عقیدت مند یہاں آ جاتے ہیں، اس لنگھم کے ساتھ پاروتی اور گنیش بھی یہاں موجود رہتے ہیں، اور ان کی ماہئت بھی اسی طرح icecle سے ہی وجود پاتی ہے۔ لنگھم ہندو عقائد کے مطابق چاند کے ساتھ ہی گھٹتا بڑھتا رہتا ہے، لنگھم اگست تک آہستہ آہستہ پگھل کر معدوم ہو جاتا ہے، ہندو میتھالوجی کے مطابق ہی لنگھم، شیواہ کی نمائیندگی کرتا ہے، اور یہ وہ جگہ ہے جہاں شیواہ نے پاروتی کو ابدیت کا راز بتا دیا تھا جس کی کہانی میتھالوجی میں یوں ہے،، پاروتی نے کسی موڈ پر لارڈ شیواہ سے ابدی زندگی کا راز جاننا چاہا تھا، شیواہ نے عرصے تک یہ بتانے سے گریز کیا لیکن آخر ایک دن یہ راز اس پر منکشف کرنے کا فیصلہ کیا، شیواہ مانتے تھے کہ یہ راز بتانے کے لئے ایسی جگہ تلاش کی جائے جہاں ان دو کے سوا کسی اور کے پہنچنے کا یا یہ راز ایکسپوز ہونے کا کوئی احتمال ہی نہ ہو اس لئے شیواہ نے اس جگہ کا انتخاب کیا، شیواہ کو یقین تھا کہ اس جگہ گلیشروں کے بیچ میں اتنی اونچائی پر صرف دیوی دیوتا ہی پہنچ سکتے ہیں،،، اس



لئے اس جگہ کے لئے سفر شروع ہوا اور دوران سفر وہ اپنے پیچھے اپنی ساری چیزیں مختلف مقامات پر چھوڑتے گئے، جیسے انہوں نے ''نندنی''میں اپنا بیل چھوڑا۔ یہ تو آپ جانتے ہیں کہ تصویروں میں وہ ہمیشہ بیل پر ہی سوار دکھائی جاتے ہیں،، چندن واڑی میں شیواہ نے اپنے بالوں سے چاند کو خارج کیا،، اور آگے بڑھے تو شیش ناگ میں اپنے ناگ کو چھوڑ دیا جو تصویروں میں ان کے گلے میں ہمیشہ آویزاں دکھائی دیتا ہے، اور پھر پنج ترنی میں اپنے زندگی کے وہ پانچ عناصر چھوڑ دئے جن سے زندگی کا وجود ہے، جیسے زمین، پانی، آگ، ہوا اور آسماں،، یہاں تک کہ اپنے بیٹے گنیش کو بھی '[مہاگنا)) چوٹی پر چھوڑ کر آگے بڑھے، اس تیرتھ استھان کے یاتری ان جگھوں سے ہو کر ہی گپھا تک پہنچ جاتے ہیں،،، ''امرناتھ'' کے مفہوم پر غور کیا جائے تو یہ دو لفظوں پر مشتمل ہے، ''امر'' جس کے معنی etenal یعنی لافانی بنتا ہے اور ناتھ کے معنی لارڈ یا دیوتا ہی ہو سکتے ہیں،، ہندو عقائد کے مطابق شیواہ نے اپنی دیوی پاروتی کو یہاں تک اس لئے لایا تھا کہ وہ راز جو وہ منکشف کرنے والے تھے کوئی تیسری شئے اس سے واقف نہ ہو سکے،، ایسا کہا جاتا ہے کہ شیواہ نے ان سب چیزوں سے جو انہوں نے مختلف جگھوں پر چھوڑی تھیں، چھٹکارہ پایا تو سب سے پہلے دونوں نے ''تانڈو'' ناچا تھا،، اور اس کے بعد پاروتی کو راز بتانے سے پہلے مزید احتیاط کے طور پر کال اگنی کو پیدا کر کے اس سے آس پاس کی ہر چیز کو بھسم کرنے کا حکم دیا، لیکن خود شیواہ کے تخت کے نیچے کبوتروں کے دو انڈے کسی طرح موجود رہے، جن سے بعد میں کبوتروں کی جوڑی نکلی، جنہوں نے یہ راز جان لیا تھا اور ہندو عقائد کے مطابق یہ کبوتروں کی جوڑی بھی امر ہو چکی تھی، اور آج تک بہت سارے یاتری یہ دعویٰ وقفے وقفے سے کرتے رہے ہیں کہ انہوں نے خوش نصیبی سے اس کبوتر جوڑی کو یہاں پرواز کرتے ہوئے دیکھا ہے،، خیال رہے کہ میں کسی بات پر کوئی رائے زنی یا تبصرہ نہیں کر رہا ہوں بلکہ وہ لکھ رہا ہوں جو اس غار سے متعلق مختلف قدیم اہل ہنود کی کتابوں میں اور دوسرے ذرائع سے معلوم ہوا ہے،،، بہرحال شیواہ نے اسی جگہ اپنی دیوی پاروتی کو اس راز سے آگاہ کیا، ظاہر ہے کہ یہاں لارڈ شیواہ اور پاروتی نے قیام کیا ہے اور شیو لنگھم جو کہ شیواہ کی نمائیندگی کرتا ہے اگر اس انداز میں نہیں بھی بنتا تب بھی یہ جگہ مقدس ہی رہتی اور تب بھی اس جگہ کو پوتر ستھان کا مقام حاصل رہتا،، آپ کو اندازہ ہو چکا ہوگا کہ اس سفر اور گپھا تک پہنچنے کے دوران جن جن مقامات پر شیواہ پاروتی نے پڑاؤ کیا ہے وہ سب جانی مانی اور ہندو کے لئے متبرک مقامات میں ہی تصور کی جاتی ہیں، جن میں پہلگام، چندن واڑی، شیش ناگ، مہاگنا اور پنج ترنی ہے،،، ایسا کہا جاتا ہے کہ یہ گپھا ۵۰۰۰ برس پہلے سے ہی موجود ہے، کلہن اور دوسرے مورخوں نے کشمیر کے اوریجن کو کشپ، سے مانا ہے جنہوں نے ایک بہت بڑی جھیل بلکہ چھوٹے سے سمندر کے پانی کی نکاسی ممکن بنا کر وادی کا روپ دیا ہے، لیکن یہ کسی طرح قرین قیاس نہیں کہ وہ جھیل بہت زیادہ بلندی کی حامل رہی ہو، ظاہر ہے کہ بہت اونچے پہاڑ، اور گلشر نامعلوم زمانوں سے اسی طرح موجود رہے ہوں گے اور انہیں صرف پانچ ہزار سال تک محدود کرنا عقل میں نہیں سماتا اور اس طرح ان گلیشروں کے بیچ میں یہ غار پہلے ہی سے موجود رہا ہوگا،، اور اس میں کوئی دو رائیں نہیں کہ یہ انسانی ہاتھوں کا کوئی کرشمہ نہیں رہا ہوگا، ایک سنسکرت کتاب 'برنگی شا سمہیتا'' میں اس یاترا کی اوریجن سے متعلق یہ درج ہے کہ یہ ایک سادھو تھا جس نے اپنے چیلوں کو اس استھان کی طرف پہلے توجہ مبذول کروائی اور انہیں لنگھم کے درشن کرنے کی ہدایت کی،، اس کے چیلے جب اس سفر پر روانہ ہوئے تو یہاں راستوں کے راکشسوں نے انہیں پریشان کیا اور آگے بڑھنے سے روک دیا،، یہ چیلے واپس برنگی شا کے پاس فریاد لے کر آئے تو برنگی شا نے شیواہ کی پراتھنا کی اور لارڈ شیواہ نے انہیں ایک تبرک عطا کیا، جس سے 'چھڑی مبارک'' کا نام دیا گیا اور تب سے ہی یاتریوں کا سب سے بڑا جتھ منظم طور پر اس چھڑی مبارک کے ساتھ سفر کرتا ہے ایک اور فوک کہانی کی رو سے یہ غار ۱۸۵۰ میں بوٹا ملک ایک مسلم گڈریئے نے دریافت کیا تھا، اس کی بھی ایک تحیر آمیز کہانی بتلائی جاتی ہے کہ اس بوٹا ملک کو یہاں پر ایک سادھو ملا تھا جس نے اس سے کوئلے کا ایک تھیلہ تھما دیا اور جب گڈریا گھر پہنچا تو کوئلہ سونے میں تبدیل ہو چکا تھا، گڈریا اس سادھو کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے یہاں تک آ پہنچا اور سادھو کے بجائے اس سے یہ گپھا نظر آئی و راس طرح باہری دنیا کو اس گپھا کے بارے میں معلوم ہوا، کہا جاتا ہے کہ بوٹا ملک کی فیملی ایک عرصے تک اس غار کی انچارج یا منتظم رہی ہے، لیکن ۲۰۰۰ سے شرائن بورڈ نے سارا انتظام سنبھال لیا ہے۔۔

# مسلمان — ایک قوم، ایک ملت

ڈاکٹر سید ابوذر کمال الدی ------------------

ہر وہ مرد و عورت جو خود کو مسلمان مانتے ہیں اور اللہ کی وحدانیت، بلاتفریق سلسلہ نبوت کی تصدیق کرتے ہیں اور حضور پاک ﷺ کو پوری انسانیت کی ہدایت کے لیے اللہ کی رحمت کی نشانی مانتے ہیں اور اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ آپ اللہ کے آخری رسول ہیں اب قیامت تک کوئی رسول نہیں آئے گا۔ اللہ کی طرف سے نازل کردہ تمام صحائف اور کتابوں پر ایمان لاتے ہیں اور قرآن پاک کو اللہ کی طرف سے نازل کردہ آخری اور مکمل ہدایت نامہ مانتے ہیں۔ آخرت کے وقوع ہونے پر ایمان لاتے ہیں، تقدیر اور فرشتوں پر ایمان لاتے ہیں، تمام اوامر اور نواہی کو تسلیم کرتے ہیں اور ضروریات دین میں سے کسی چیز کے منکر نہیں ہیں، اس کے باوجود کہ وہ فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی برتتے ہیں، اور بہت سے چھوٹے بڑے گناہوں میں ملوث ہیں، وہ گنہگار ہونے کے باوجود جب تک اعلانیہ خود کو کافر و مشرک اور دہریہ ہونے کا اعلان نہیں کرتے وہ مسلمان ہیں۔ ملتِ اسلامیہ کے ایک فرد ہیں، انہیں مسلمان سمجھا اور مانا جائے گا اور مسلم سوسائٹی میں ان کے حقوق بحیثیت مسلمان ادا کیے جائیں گے۔ وہ اکرام آدم اور اکرام مسلم کے مستحق قرار دیے جائیں گے اور انہیں بلا لحاظ مسلک، ذات، برادری اور جماعت کے وسیع تر اسلامی برادری کا فرد، ملت اسلامیہ کا اٹوٹ حصہ اور مسلمان قوم مانا جائے گا۔ اس سے محبت، اس کی خیر خواہی، اس کی معاونت، اس کی حاجت روائی اور جائز امور میں اس کا ساتھ دینا مسلم سوسائٹی پر فرض ہوگا۔

مسلمانوں کو دنیا کی عام قوموں کی طرح سمجھنا ایک بنیادی غلطی ہے۔ مسلمان کوئی لونی، لسانی، نسلی اور علاقائی گروہ نہیں ہیں بلکہ وحدت اور رسالت کی اینٹ سے چنی سیسہ پلائی ایک ایسی دیوار ہے جو تمام تر حد بندیوں سے آزاد اور ایک آفاقی، عالمی اور دائمی امت ہے۔ ذات پات کی تفریق، چھوٹے بڑے کی تمیز اور قومی اور علاقائی حد بندیاں یہ وہ خارجی تصورات ہیں جو اسلام کے آفاقی کردار سے متصادم ہیں۔ اسلام ون نیشن اور ون ورلڈ کا داعی ہے۔ ہر ملک ملک ماست کہ ملک خدائے ماست، اسلام کا رب، رب العالمین ہے، اسلام کا رسول، رحمۃ للعالمین ہے، اسلام کی کتاب ہدی للناس ہے۔ اسلام کی علم بردار ملت اخرجت للناس ہے۔ تو ہماری تعریف یہ ہے کہ ہم خدا کی طرف سے، خدا کے بندوں کے لیے ہدایت، خیر اور نجات کے داعی ہیں اور ہمارے دل میں پوری انسانیت اور ساری کائنات کے لیے خیر خواہی اور دلسوزی پائی جاتی ہے۔ ہمارا جینا اور مرنا محض اللہ کی رضا کے لیے ہے اور ہم انسانیت عامہ کی بھلائی کو اپنا فرض عین سمجھتے ہیں۔ سیدھے راستے کی طرف رہنمائی انسانیت کی سب سے بڑی بھلائی ہے۔ بھوکے کو کھانا کھلانا، پیاسے کو پانی پلانا، مظلوموں کی حمایت کرنا، ظالم کے مقابلے سینہ تان کر کھڑے ہو جانا اور ظلم سے اس کو باز رکھنا، ننگے کو کپڑا پہنانا، بیمار کا علاج اور اس کی تیمارداری کرنا، مسافروں کی خبر گیری کرنا، یتیم، مسکین، بیوہ، معذور، بزرگ بے سہارا کے کام آنا اور حق کی خاطر لڑنا یہ صاحبِ ایمان کا شیوہ ہے تاکہ دنیا میں امن و سلامتی قائم ہو اور ظلم و استحصال مٹے۔



اس اسلام کے علم بردار بن کر اٹھنا اور صرف مسلمانوں کے لیے ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے خیر کا ذریعہ بننا یہ ایک مومن کا فطری کردار ہے اور یہی اس کا اصلی تعارف ہے۔ یہ وہ آئینہ ہے جس میں آپ اپنی تصویر دیکھ سکتے ہیں اور بتا سکتے ہیں کہ آپ کس درجہ کے مسلمان ہیں۔

افسوس ہے کہ قرآن کا وہ مومن کہیں کھو گیا ہے اور روایات و خرافات میں گم ہو کر اپنے وجود کی معنویت کھوتا جا رہا ہے۔ بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے۔ مسلمان نہیں راکھ کا ڈھیر ہے۔ ایک صاحب نے مسلمانوں کی حالت زار پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ مسلمانی در کتاب، مسلمان در گور۔ یعنی اسلام کتابوں میں بند ہے اور جو مسلمان تھے وہ اپنی قبروں میں جا چکے ہیں۔ اس وقت مسلمان کے نام پر کھوٹے سکے چل رہے ہیں اور چلائے جا رہے ہیں۔ قرآن نے منافقوں سے مخاطب ہو کر کہا کہ یہ کہتے ہیں کہ ہم لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں جبکہ یہ حقیقت ہے کہ وہ خود دھوکہ کھا رہے ہیں اور انہیں اس کا شعور نہیں ہے۔

اسلام نے جاہلیت کے جتنے بت تھے سب کو توڑ دیا تھا اور صاحبان شرک اور کفر کے سامنے علی الاعلان کہا کہ تمہارا خدا بس ایک ہی خدا ہے، اس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے۔ اسی طرح اس نے انسانوں اور انسان کے درمیان عصبیت کے تمام بت توڑ دیئے اور اعلان کیا کہ تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے پیدا کیے گئے تھے۔ تم سب ایک ماں باپ کی اولاد ہو اس لیے کسی پر کسی کو کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے۔ تمہارے درمیان جو قبیلہ اور خاندان کی تمیز ہے، وہ محض پہچان کے لیے ہے۔ کسی گورے کو کالے پر کسی کالے کو گورے پر، کسی عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر کوئی برتری حاصل نہیں ہے۔ اسلام میں ذات پات کا وہ تصور نہیں ہے جو یورپ میں نسل پرستی کی وجہ سے ہے یا بھارت میں منواسمرتی میں درج اونچ نیچ اور چھوت اچھوت کی وجہ سے ہے۔ بعض دانشوروں نے بھارت کے مسلم سماج کو اشراف، اجلاف اور ارذال تین خانوں میں بانٹا ہے۔ یہ اصطلاح قرآن و سنت کی اصطلاح نہیں ہے۔ بلکہ بھارت کے مخصوص سماجی تناظر میں وضع کردہ ایک غیر اسلامی اصطلاح ہے، اور بھارت کی سماجی بناوٹ کا آئینہ دار ہے۔ سماجی، معاشی، تہذیبی اور تعلیمی اعتبار سے جو گروہ جس پائیدان پر ہے اس کی بنیاد پر بعض ماہر سماجیات نے ایک خود ساختہ تقسیم بنا دی ہے، جس کا سوشل بیس تو ہے مگر آئیڈیالوجکل بیس نہیں ہے۔ اس لیے مسلمان سماج کو مصنوعی خانوں میں تقسیم کر کے ان کے اندر طبقاتی کشمکش کا ماحول پیدا کرنا اسلام دشمنی کی واضح علامت ہے۔ مسلمان سماج کو اور اسلام کو دو چیزوں نے نقصان پہنچایا اور اس کی صورت بگاڑنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے، اس میں ایک مسلکی جنگ ہے اور دوسرا برادری کی کشمکش ہے۔ ملک کی سیاسی پارٹیوں نے مسلمان سماج کی ان اندرونی کمزوریوں کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے اور انہیں معلوم ہے کہ اس وقت مسلمانوں کی قیادت جن لوگوں کے ہاتھوں ہے وہ زیادہ تر کم عیار اور دین و ضمیر کا سودا کرنے والے لوگ ہیں اور ہر نے اپنی ایک قیمت متعین کر رکھی ہے۔ اس لیے ان کو ڈرایا دبایا، خریدا اور بیچا جا سکتا ہے۔ آزادی کے بعد سے یہ کھیل جاری ہے اور نہ جانے آگے کب تک جاری رہے گا؟ مسلمانوں کے کم عیار قائدین اور دنیا پرست علماء چاہے مسلمانوں کو جتنے خانوں میں بانٹ کر ان کو بے وزن کرنے کی مہم میں دشمنانِ اسلام کے ساتھ جیسی بھی سودے بازی کریں مسلمان عوام ایک ملت، ایک دین اور ایک قوم ہیں اور اچھی طرح جانتے ہیں کہ اتحاد ہمیں کھڑا ہونے کا حوصلہ دے گا، جبکہ اختلاف ذلت کی کھائی میں ڈھکیل دے گا۔ مسلمان نوجوان دیکھیں اور فیصلہ کریں انہیں کیا طرزِ عمل اختیار کرنا ہے۔

# حُجّاج کرام حج کے بعد زندگی کیسے گزاریں....؟

## کیا ''حاجی'' کالقب ایک غیر اسلامی اصطلاح ہے...؟ ایسے ''سفر'' کو کس طرح مبارک قرار دیا جاسکتا ہے...؟

مولانا بدیع الزماں ندوی قاسمی
(مقیم حال مکہ مکرمہ)
چیرمین انڈین انڈین کونسل آف فتویٰ اینڈ ریسرچ ٹرسٹ بنگلور، کرناٹک
وجامعہ فاطمہ للبنات مظفر پور، بہار

حُجّاج کرام کے لئے سب سے اہم مرحلہ آتا ہے، حج کے بعد زندگی گزارنے کا۔ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو، حج وعمرہ کرو اور استقامت اختیار کرو، تمہارے معاملات درست رہیں گے۔ (طبرانی کبیر)

معلوم ہوا اسلامی عبادات؛ جیسے نماز، روزہ اور حج وزکوٰۃ وغیرہ کی سعادت حاصل ہونے پر بھی اگر کوئی نیکیوں پر استقامت اختیار نہ کرے تو یہ محرومی کی بات ہے، اس سے جہاں یہ اندیشہ ہے کہ اس کی عبادت ہی قبول نہ ہوئی ہو کہ اس میں خوش گوار تبدیلی نہیں آئی، وہیں لوگوں کو یہ کہنے کا موقع دینا بھی ہے کہ، دیکھو یہ حاجی صاحب ہو کر ایسا کرتے ہیں، کیا فائدہ ایسے حج وعمرے کا؟ لہٰذا حُجّاجِ کرام کو اللہ تعالیٰ کے مخصوص در پر حاضر ہو کر جو گناہوں سے پاک وصاف ہونے کی



دولت ملی ہے، اب پھر خود کو گناہوں سے آلودہ کرنے سے پرہیز کرنا چاہئے، حجِ مبرور کی علامت بھی یہی ہے، جس پر جنت کا وعدہ ہے۔ درحقیقت حج کا اصل مقصد بھی یہی ہے کہ حاجی کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف اور اُس کا تقرب پیدا ہوجائے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ جب تک انسان خود حج کرنے نہ جائے محض حج کے فوائد وثمرات سننے سے وہ اس کو کما حقہ سمجھ ہی نہیں سکتا۔ انسان جب خود حج کرنے جاتا ہے، تب اسے اس کے حقیقی منافع اور اس کی برکات سمجھ میں آنے لگتے ہیں اور پھر اس کا دل گواہی دیتا ہے کہ اس کے اندر انقلاب آرہا ہے، اس کے کردار میں تبدیلی آرہی ہے، اس کی سوچ تبدیل ہورہی ہے، اس کے جذبات بدل رہے ہیں۔ چنانچہ بیت اللہ جاکر انسان خود محسوس کرنے لگتا ہے کہ میں وہ نہیں ہوں جو اپنے وطن میں تھا بلکہ یہاں آکر میں کچھ اور ہوگیا ہوں، یہ سب ''حج بیت اللہ'' کے حیرت انگیز اثرات کا نتیجہ ہیں۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ'' بیت اللہ'' دُنیا میں ایسی مقناطیسی عمارت ہے کہ جس کو دیکھتے ہی انسان کا دل اس کی طرف کھینچا چلا جاتا ہے اور وہ انسان کے دل کو موہ لیتا ہے اور اس کو دیکھتے دیکھتے انسان کی آنکھیں سیر ہی نہیں ہوتیں۔

حج کی قبولیت کے بارے میں یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ اس کی قبولیت کی سب سے اہم علامت یہ ہے کہ حج سے واپس آنے کے بعد آدمی کے اعمال میں بہتری پیدا ہوجائے، اس لئے کہ ایک حدیث میں آیا ہے کہ نیکی کے فوراً قبول ہونے کی علامت یہ ہے کہ اُس کے بعد آدمی کو دوسری نیکی کی توفیق مل جاتی ہے، اس لئے ہر آدمی کو اس بات کا محاسبہ کرنا چاہئے کہ فرائض وواجبات کی ادائیگی میں پہلے وہ جتنا اہتمام کرتا تھا اب اس سے زیادہ کرنے لگا ہے یا نہیں؟ گناہوں سے بچنے کی پہلی جتنی کوشش کرتا تھا، اب اس سے زیادہ کرنے لگا ہے یا نہیں؟

خلاصۂ کلام یہ کہ حج کا اصل مقصد یہ ہے کہ حج کرنے والے کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف اور اُس کا تقرب پیدا ہوجائے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیدت پیدا ہوجائے اور نیک اعمال کی طرف رغبت اور گناہوں سے نفرت اُس کے دل میں جگہ کر جائے۔

ایک ضروری اور اہم بات یہ ہے کہ حج کوئی سند اور ڈگری نہیں ہے کہ اس کو کرنے سے آدمی سند یافتہ ہوجائے گا، بلکہ حج بھی اسلام کا اہم رکن ہے، ایک فرض ہے۔

یہ کوئی ایسا کورس نہیں ہے کہ حج کے بعد حج کرنے والے کو''حاجی'' کہا جائے یا خود حج کرنے والا اپنے آپ کو ''حاجی'' کہے۔ بلکہ حج کے بعد''حاجی'' کا لقب ایک غیر اسلامی اصطلاح ہے۔ جس سے ہر حج کرنے والے مسلمان کو بچنا چاہئے۔

کمال تو یہ ہے کہ اس مبارک سفر سے واپسی پر غیر شرعی اور قانونی طور پر ممنوع چیزیں بھی حجاج کرام اپنے ساتھ لاتے ہیں۔ پھر ایسے ''سفر'' کو کس طرح مبارک اور مسعود قرار دیا جاسکتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ آخر زمانہ میں بیت اللہ کے حاجیوں کی کثرت ہوجائے گی، ان کے لیے سفر کرنا آسان ہوجائے گا اور روزی بافراط ملے گی مگر وہ محروم واپس ہوں گے۔

حج کی ادائیگی ایک فرض سمجھ کر کرنا چاہیے اس کو سیر وتفریح اور تجارت کا ذریعہ بنانا جائز نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حج کے بعد نیک اعمال کی طرف رغبت اور گناہوں سے نفرت والی زندگی عطا فرمائے۔ (آمین یارب العالمین)

## وہ عورتیں جن کی زندگی صرف پانی بھرنے میں گزر جاتی ہے



'یہ بہت اذیت ناک ہے، گرمی سے چکر آتے ہیں اور سر درد سے پھٹنے لگتا ہے۔ اکثر اوقات پانی لانے کے لیے بہت دور چل کر جانا پڑتا ہے، لیکن اس کے علاوہ کوئی اور چارہ بھی نہیں۔' یہ الفاظ سنیتا بائی کی اس گفتگو کا حصہ ہیں جس میں ہمیں وہ اپنے روزمرّہ کے کاموں کے دوران پانی بھرنے اور اسے گھر تک لانے کی زمہ داری اور مشکلات بتا رہی تھیں۔ ان کی کہانی سننے سے پہلے یہ جان لیں کہ انڈیا کی ریاست مہاراشٹر کے اس گاؤں میں خواتین پانی کیسے بھرتی ہیں۔ پانی بھرنے کے لیے خواتین گاؤں کے قریب واقع ڈیم کے کناروں پر ہاتھوں سے چھوٹے چھوٹے گڑھے کھودتی ہیں اور اس طرح جو پانی نکلتا ہے اسے ہاتھوں سے بھر کر برتنوں میں جمع کرتی ہیں۔ ایک گڑھا کھود کر اسے بھرنے میں کم از کم ڈیڑھ گھنٹہ لگتا ہے جس سے یہ ایک یا دو ہاتھ ہی بھر پاتا ہے۔ خواتین کو پانی کے لیے کم از کم چار بار یہ عمل دہرانا ہوتا ہے۔ سنیتا بائی نے پانی کے حصول کے لیے اپنی مشکلات کے حوالے سے مزید ہمیں بتاتے ہوئے کہا کہ 'آپ کو پتہ ہے کہ پانی لانے میں کتنا وقت لگ جاتا ہے؟ پانی گھر تک لانے میں دن میں ہمارے چار گھنٹے سے زیادہ لگ جاتے ہیں۔ دن میں تین چار بار جانا پڑتا ہے اور گھر آنے تک کسی چیز کی ہمت نہیں رہتی۔ پانی کے حصول کے لیے موسم کی سختی کو پس پشت ڈال کر روزانہ میلوں پیدل چلنا اور پھر پانی لے کر واپس گھر آنا یہ صرف ایک سنیتا بائی کی کہانی نہیں بلکہ ہر قطرہ پانی کے حصول کے لیے مسلسل جدوجہد سے روزآنہ انڈیا کی لاکھوں خواتین گزر رہی ہیں۔ روزانہ پورے خاندان کے لیے دور دراز سے ایک برتن پانی بھر کر لانے کی قیمت ایک خاتون کو کس طرح چُکانی پڑتی ہے اور اس کا ملکی معیشت پر اس کا کیا اثر ہوتا ہے۔ ہم نے انھی حالات کو جاننے کے لیے سب سے پہلے رخ کیا ضلع ناسک کے ترنگل واڑی گاؤں کا اور یہاں خواتین سے بات کرتے ہوئے ہمیں سنیتا بائی ملیں جن کے مطابق زیادہ تر یہاں خواتین کا دن صرف پانی لانے میں گزرتا ہے۔ اس دوران ان کی تعلیم، صحت، ذہنی سکون سمیت اور روزمرّہ کی زندگی خوشیوں اور آرام سمیت ہر چیز پانی بھرنے کے لیے داؤ پر لگ جاتی ہے۔ انڈیا کی ریاست مہاراشٹر کا گاؤں ترنگل واڑی درحقیقت ترنگل واڑی ڈیم کے قریب واقع ہے لیکن اس کا کا حال چھوٹے دیہاتوں جیسا ہی ہے جہاں ڈیم کے پانی پر گاؤں والوں کا کوئی حق نہیں اور وہ پانی قریبی شہر کے لوگوں کے لیے مخصوص ہے۔ پانی سے بھرے برتن سر پر اٹھانے کی وجہ سے صحت سے متعلق کئی مسائل جنم لیتے ہیں۔ صرف سنیتا بائی ہی نہیں، گاؤں کی بہت سی دوسری خواتین بھی کسی نہ کسی طریقے سے مشکلات کا شکار ہیں۔ کسی کے اعضا میں درد ہے، کسی کی کمر میں۔ سنیتا بائی نے اس ذمہ داری کی اذیّت اور تکلیف سے آگاہ کیا تو ہم نے ان سے پوچھا گیا کہ آپ کوئی دوا لے رہی ہیں یا نہیں، تو انھوں نے کہا، ''یہاں گاؤں میں دوائی کہاں ملتی ہے! اگر ہم میں سے کسی ایک یا دو کو دوائیاں مل بھی جائیں تو وہ بہتر ہوجائیں گی باقی مسلسل کام کریں گی۔ ہم یہ دیکھنے گئے کہ یہ عورتیں کہاں سے پانی لاتی ہیں۔ ترنگل واڑی ڈیم کا پانی تقریباً ختم ہو چکا تھا۔ اس کے بیچ میں جا کر بیٹھنا ممکن تھا۔ جو پانی بچا تھا وہ مکمل طور پر آلودہ تھا۔ یہ پینے کے قابل نہیں تھا۔ چنانچہ یہ خواتین ڈیم کے کناروں پر چھوٹے چھوٹے گڑھے کھود کر دستیاب پانی سے اسے بھرتی ہیں۔ مٹی قدرتی فلٹریشن کے طور پر کام کرتی ہے، لیکن اس میں کافی وقت لگتا ہے۔ ایک گڑھا کھود کر اسے بھرنے میں ڈیڑھ گھنٹہ لگتا ہے۔ یہ ایک یا دو ہاتھ بھرتا ہے۔ خواتین کو پانی کے لیے کم از کم چار ایسے چکر لگانے پڑتے ہیں۔ یہ خواتین پانی لانے کے لیے روزانہ جتنی زیادہ چلتی ہیں، ان کے روزگار کے خواب اتنے ہی دور ہوتے جاتے ہیں۔ خواتین کی زندگیاں اس میں ڈوب جاتی ہیں۔ سنیتا بائی نے ایک آہ بھرتے ہوئے بتایا کہ 'پانی بھرتے ہوئے ہی دن کے بارہ بج جاتے ہیں۔ اب مسالہ پیسنے کا کام مجھے کون دے گا؟ کام پر جائیں گے تو گھر کے لیے پانی نہیں ملے گا۔ ہم ادھر ادھر بھاگیں تو بھی پانی نہیں ملتا۔ روز کی روٹی میسر نہیں ایسے میں اور کیا کریں۔' ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن اور یونیسیف کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق دنیا میں 18 لاکھ سے زیادہ افراد کو پینے کا پانی طویل فاصلے سے لانا پڑتا ہے اور ان میں سے 70 فیصد گھرانوں میں خواتین اور لڑکیاں پانی لانے اور بھرنے کی ذمہ دار ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ انڈیا میں تقریباً 25 فیصد گھرانوں میں صرف خواتین ہی دور سے پانی لانے کی ذمہ دار ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک عورت پانی لانے میں دن میں اوسطاً 15 سے 20 منٹ صرف کرتی ہے، جب کہ دیہی علاقوں میں یہ زیادہ سے زیادہ 40 منٹ تک ہوسکتا ہے، لیکن مرد یہ کام صرف پانچ منٹ میں کر سکتے ہیں۔

# دارجلنگ میں رابطہ مدارس اسلامیہ مغربی بنگال کی میٹنگ اختتام پذیر

محمد ہاشم القاسمی (خادم دارالعلوم پاڑا ضلع پرولیا مغربی بنگال۔ فون نمبر=:9933598528

رابطہ مدارس اسلامیہ مغربی بنگال کے مجلس عاملہ اور جمیعۃ علماء مغربی بنگال کے ریاستی کمیٹی کی ایک اہم میٹنگ مورخہ 22 / 23 جون 2024 ریاست کے مشہور شہر دارجلنگ میں منعقد ہوئی، اس کے لئے رابطہ مدارس اسلامیہ مغربی بنگال اور جمیعۃ علماء مغربی بنگال کے 35 اراکین علماء کرام کا قافلہ حضرت مولانا صدیق اللہ چودھری منسٹر آف لائبریری مغربی بنگال، صدر رابطہ مدارس اسلامیہ مغربی بنگال و صدر جمیعۃ علماء مغربی بنگال کی قیادت میں ہاوڑہ سے نیو جلائی گوڑی کے لئے شتابدی ایکسپریس میں 21 جون بروز جمعہ بوقت ڈھائی بجے سوار ہوا، گاڑی چلنے کے بعد پانی کی بوتل ٹرے میں ناشتہ اور خود ساختہ چائے کے لوازمات ریلوے ملازم نے پیش کیا، رات 8 بجے کے قریب کھانا آ گیا اور ساڑھے دس بجے ہم لوگ نیوجلپائی گوڑی جنکشن میں اتر گئے، پلیٹ فارم کے باہر حضرت مولانا صدیق اللہ چودھری صاحب کے لئے سرکاری گاڑی اور پائیلٹ کی دو گاڑیاں اس کے علاوہ 6 بولیرو گاڑیاں جس کے سامنے اور پیچھے کے شیشے پر سرکاری مہمان خصوصی کے بورڈ لگے ہوئے انتظار کر رہی تھی حضرت مولانا از خود تمام لوگوں کو نمبر وار گاڑی پر بٹھایا پھر ایک پائلٹ گاڑی سائرن بجاتے آگے چلی اس کے بعد مولانا کی گاڑی جس کے سر پر لال بلو بتی لگی تھی اس کے بعد ایک اور پائیلٹ گاڑی اور اس کے بعد ہم لوگوں کی گاڑیاں فراٹے مارتے اسٹیٹ گیسٹ ہاؤس سیلی گوڑی پہنچے، دو منزلہ گیسٹ ہاؤس کے تمام رومس میں ہم لوگ دو دو تین تین کر کے ایڈ جسٹ ہو گئے ہر روم کشادہ اور بہت صاف ستھرا تھا استنجا وغیرہ سے فارغ ہو کر نماز ادا کر کے سب نیند کی آغوش میں چلے گئے، مولانا صدیق اللہ چودھری صاحب فجر کی نماز سے قبل از خود سبھی روم میں دستک دے کر صبح ہونے کی نوید سنائی جبکہ اکثر روم میں علماء کرام نماز یا خصوصی اوراد و وظائف میں مشغول تھے تھوڑی دیر بعد ہر روم میں بہترین چائے اور بسکٹ آئی 7 بجے اعلان ہوا کہ ڈائنگ ہال میں ناشتہ تیار ہے ناشتہ کر کے 9 بجے ہم لوگوں کا قافلہ دارجلنگ کے لئے روانہ ہوا دارجلنگ کا جغرافیائی نوعیت کچھ ایسا ہے کہ انتظامی طور پر دارجلنگ ریاست مغربی بنگال کا حصہ ہے، جب کہ مشرق میں یہ بھارتی ریاست سکم جب کہ مغرب میں یہ نیپال سے جڑا ہوا ہے، جنوب میں مغربی بنگال کا علاقہ Siliguri ہے، جب کہ مشرق میں مغربی بنگال ہی کے علاقے Kalimpong سے جڑتا ہے۔ دارجلنگ کی کل آبادی 18 لاکھ بتائی جاتی ہے جس میں ہندو 74٪ مسلمان 6٪ بدھشٹ 12٪ اور عیسائی 8٪ شامل ہیں؛

دنیا کے نقشے پر جب ہم دارجلنگ کو دیکھتے ہیں، تو ریاست سکم اور ملک نیپال سے جڑی ہوئی مغربی بنگال کی یہ حسین وادی چین، بھوٹان اور بنگلا دیش کے سنگم پر کچھ اس طرح واقع ہے کہ اس کے شمال میں تھوڑے ہی فاصلے پر چین، شمال مشرق میں بھوٹان، مشرق میں ریاست آسام، جنوب میں بنگلا دیش اور نیپال کی سرحدوں کے درمیان مشرقی ہندوستان کو باقی ملک سے جوڑنے والی مغربی بنگال اور بہار میں تقسیم ہوتی تپلی سی ہندوستانی پٹی واقع ہے۔ یوں دارجلنگ پانچ ممالک بھارت، بھوٹان، چین، نیپال اور بنگلا دیش اور چار ریاستوں سکم، آسام، مغربی بنگال اور بہار، کے سنگم پر واقع ہے، قافلہ ایک ریسٹورنٹ میں رکا تو معلوم ہوا کہ یہاں دارجلنگ کی چائے اور موموس سے لطف اندوز ہونا ہے وہاں سے قافلہ کی گاڑی دارجلنگ کے مشہور ہوٹل مارویل انٹرنیشنل کے گیٹ پر رکی ہوٹل کے گیارہ روم بک تھے سب اپنے اپنے بیگ لئے اپنے مرقومہ روم پہنچ گئے فریش ہونے کے بعد نماز ظہر ادا کی گئی، دوپہر کا کھانا کھا کر سب اپنے اپنے روم میں آرام کرنے لگے عصر اور مغرب کی نماز بھی کوئی سامنے کی مسجد میں ادا کی اور کچھ اپنے روم میں اس کے بعد اسی ہوٹل کے ایک میٹنگ ہال میں رابطہ مدارس اسلامیہ مغربی بنگال کی میٹنگ کی پہلی نشست حضرت مولانا صدیق اللہ چودھری صاحب کی صدارت میں منعقد ہوئی ہوئی جس میں کئی اہم امور پر تبادلہ خیال ہوا خاص طور پر آئین ہند کی اہمیت اور افادیت اور موجودہ حالات میں عوام وخواص تک اس کی رسائی کی ممکنہ کوششوں پر رائے لی گئی اور فیصلے ہوئے اس کے علاوہ کئی اہم تجاویز پاس ہوئے، بعد نماز عشاء کھانے کا نظم تھا سب کھانا کھا کر اپنے روم میں داخل ہو گئے، تھوڑی دیر کے اندر ہی ہم نیند کی آغوش میں تھے چار بجے اس جگہ کی جامع مسجد کی



اذان کی آواز سے بیدار ہوا نماز وغیرہ سے فارغ ہو کر پورے قافلہ کو دارجلنگ کے کئی سیاحتی جگہوں پر جانا تھا گاڑی ہوٹل کے ارد گرد لگ چکی تھی سب نمبر وار اپنی اپنی گاڑی پر سوار ہو گئے اب ہم لوگوں کا قافلہ دارجلنگ کے ٹائیگر ہیل کی طرف رواں دواں تھی پہاڑی پر بنے شاندار راستے ٹیڑھی میڑھی ناگن کی طرح بل کھاتی سڑک کی دونوں جانب پہاڑوں پر چائے کے باغات، لمبے لمبے درخت، کہیں کہیں پہاڑوں سے نکلنے والے جھرنوں کے پانی کے نالے، نشیب وفراز سے پر، جگہ جگہ پر سرکاری حفاظتی عملہ مولانا کی گاڑی کو سلوٹ کرتے غضب کے نظارے پیش کر رہے تھے جو دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے اس سے گزرتے ہوئے تقریباً دو گھنٹے کے بعد TIGER HILL دس ہزار تین سوفٹ کی اونچائی والی جگہ پہنچ گئے جہاں سے سورج کی پہلی کرن کا دیدار ایک عجیب سی کیفیت میں مبتلاء کر دیتا ہے جب سورج کی شعائیں ہمالیہ کی چوٹیوں پر پڑتی ہیں تو سارا پہاڑ سنہرا دکھنے لگتا ہے اسی مسحور کن نظاروں سے لطف اندوز ہونے کیلئے انٹرنیشنل ٹورسٹ دارجلنگ وزٹ کرتے ہیں، وہاں نا چاہتے ہوئے بھی انفرادی اور اجتماعی فوٹو لئے گئے جو سبھی کے واٹسپ پر ڈالے گئے،

دارجیلنگ میں دیکھنے کے لیے 17 سیاحتی مقامات کی فہرست یہ ہیں، ٹائیگر ہل طلوع آفتاب کا نقطہ نظر، ہمالیائی پینورما۔ بتاسیا لوپ قدرتی ریلوے لوپ، جنگی یادگار۔ دارجیلنگ ہمالیائی ریلوے ہیریٹیج کھلونا ٹرین، یونیسکو سائٹ۔ پدمجا نائیڈو ہمالیہ زولوجیکل پارک اونچائی والا چڑیا گھر، نایاب نسل۔ ہیپی ویلی ٹی اسٹیٹ چائے کے باغات، چکھنے کے دورے، راک گارڈن چھت والے باغات، قدرتی آبشار۔ امن پگوڈا بدھسٹ اسٹوپا، امن کی علامت۔ گھوم خانقاہ قدیم خانقاہ، بدھ مت کے آثار۔ سنگلیلا نیشنل پارک اونچائی والا پارک، بائیو ڈائیورسٹی ہاٹ سپاٹ۔ دارجیلنگ روپ وے کیبل کار، وادی کے نظارے۔ ہمالین ماؤنٹینیئرنگ انسٹی ٹیوٹ چڑھنے کا اسکول، ایورسٹ میوزیم۔ نائٹنگیل پارک شہری سبز جگہ، پینورامک ویوز۔ ٹنچولی ماؤنٹین ہیملیٹ، نامیاتی فارم۔ لیپچا جگت فاریسٹ ریزرو، رومانوی راستہ۔ سندکفو ٹریکرز کی جنت، بلند ترین چوٹی۔ لامہٹا ایکو پارک نباتاتی خوبصورتی، دیودار کے جنگلات بھوٹیا مارکیٹ مقامی دستکاری، شاپنگ ہب شامل ہیں۔ چند گھنٹوں میں ان تمام جگہوں پر جانا آسان نہیں تھا تاہم بتاسیا لوپ، بتاسیا لوپ انجینئرنگ کا ایک معجزہ ہے جہاں کھلونا ٹرین گھومتی ہوئی اترتی ہے، پہاڑی نظارے اور ریلوے کا منفرد تجربہ پیش کرتی ہے۔ اس لوپ کے درمیان بہادروں کو خراج تحسین پیش کرنے والی ایک جنگی یادگار کھڑی ہے۔

کیا آپ نے کبھی ایسی ٹرین پر سواری کی ہے جو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کی جگہ ہے؟ دارجلنگ ہمالیائی ریلوے کے ساتھ، آپ کر سکتے ہیں! یہ ہیریٹیج کھلونا ٹرین کھڑی خطوں، تنگ منحنی خطوط اور شاندار مناظر سے گزرتی ہے۔ دارجلنگ کھلونا ٹرین کی سواری کے تجربات سفر کو منزل کی طرح ناقابل فراموش بنا دیتے ہیں۔ وہاں سے نکل کر ٹی گارڈن وغیرہ میں تھوڑی تھوڑی دیر سرسبز شاداب قدرتی نظاروں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے ظہر کے وقت ہم لوگ اپنے ہوٹل میں آگئے ظہر کی نماز سے پہلے ہوٹل کے میٹنگ ہال میں حضرت مولانا صدیق اللہ چودھری صاحب کی صدارت میں دوسری نشست ہوئی جبکہ تیسری اور آخری نشست بعد نماز مغرب اسی ہال میں ہوئی جس میں اتفاق رائے سے کئی تجاویز پاس ہوئے۔ 24 جون کی صبح واپسی کے لیے ہم لوگ گاڑی پر سوار ہوئے تو معلوم ہوا کہ ہوٹل ماؤنٹ ویلی بتاسیا لوپ کے مالک محمد ذیشان علی نے اپنے ہوٹل میں ناشتے کی دعوت دی ہے اور مولانا نے قبول فرمایا ہے، اترے تو دیکھا تمام ٹیبل پر دسترخوان بچھا ہے، اس پر پانی بوتلیں، پلیٹ، چمچ، اور چھوٹی چھوٹی پیالیوں میں ایک ایک گلاب جامن سجائے اپنے پورے عملہ کے ساتھ استقبال میں کھڑے ہیں، سلام مصافحہ کے بعد نہایت احترام کے ساتھ سبھوں کو بٹھایا گیا مولانا صدیق اللہ چودھری کے سیکورٹی اہلکار اور دونوں پائلٹ گاڑیوں کے پولیس ڈرائیور وغیرہ تقریباً دس بارہ تھے وہ بھی ساتھ بیٹھ کر ناشتہ سے فارغ ہو کر انہیں دعائیں دے کر نکلے دونوں جانب سرسبز شاداب وادیوں، چائے کے باغات اور پلکوں میں بدلتے موسم کو پیچھے چھوڑتے ہوئے تقریباً ایک بجے ایسٹیٹ گیسٹ ہاؤس سیلی گوڑی پہنچ گئے وہاں مولانا صدیق اللہ چودھری صاحب اپنی سرکاری میٹنگ میں شرکت کے لئے میٹنگ ہال گئے اور ہم لوگ وہیں سامنے مسجد میں ظہر کی نماز ادا کی، اسی مسجد کے بالائی منزل میں جناب مولانا عبدالباری صاحب صدر جمیعۃ علماء کوچ بہار، اور قاری فیروز صاحب امام مسجد نے زبردست دعوت کا اہتمام کیا تھا سبھوں نے شکم سیر ہو کر کھانا کھایا اتنے میں گاڑی مسجد کے سامنے لگ گئی اور سب تھوڑی دیر اسٹیشن پہنچ گئے 3 بجے نیو جلائی گوڑی اسٹیشن سے وندے بھارت کا ٹکٹ ریزرویشن تھا سب اپنے اپنے سیٹ پر بیٹھ گئے اور ٹرین فراٹے لینے لگی۔ وندے بھارت ٹرین، بہتر ڈیزائن، داخلہ اور رفتار ہے، جو مسافروں کو آرام دہ اور آسان سفر کا تجربہ فراہم کرتا ہے۔ ٹرین جدید ترین حفاظتی خصوصیات اور آرمر ٹیکنالوجی سے لیس ہے۔ وندے بھارت ایکسپریس ٹرین میں 16 کوچز کی چیئر کار کانفیگیوریشن ہے، جس میں اسٹین لیس اسٹیل کار باڈی اور 1128 مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔ اس کی رفتار کی حد 160 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔ جدید ترین سسپنشن سسٹم مسافروں کے لیے بہترین سفر اور آرام کو یقینی بناتا ہے۔ وندے بھارت ایکسپریس میں مسلسل کھڑکیاں ہیں جو ٹرین کی جمالیاتی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں۔ ٹرین کی رنگ سکیم کے ساتھ ساتھ اندرونی حصے کو جدید ٹرین سیٹ کے مجموعی تھیم کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ ٹرین میں مسافروں کے لیے بہترین سہولیات ہیں جیسے آن بورڈ وائی فائی انفوٹینمنٹ، جی پی ایس پر مبنی مسافروں کی معلومات کا نظام، عالیشان انٹیریئرز، ٹچ فری فیچرز کے ساتھ بائیو ویکیوم ٹوائلٹس، ڈفیوزڈ ایل ای ڈی لائٹنگ، ہر سیٹ کے نیچے چارجنگ پوائنٹس، پرسنلائزڈ ٹچ بیسڈ۔ اس میں ہوا کی جراثیم سے پاک سپلائی کے لیے یو وی لیمپ کے ساتھ ریڈنگ لائٹ اور کنسیلڈ رولر بلائنڈ کے ساتھ بہتر ہیٹنگ وینٹیلیشن اور ایئر کنڈیشننگ سسٹم بھی شامل ہے۔ معذور مسافروں کے لیے خصوصی بیت الخلاء بنائے گئے ہیں۔ بائیو ویکیوم ٹوائلٹس بھی موجود ہیں جن میں ٹچ فری سہولیات موجود ہیں۔ اس کے علاوہ سیٹ کے ہینڈل پر بریل حروف میں سیٹ نمبر بھی دیے گئے ہیں۔ ہر کوچ میں 32 انچ کا پیسنجر انفارمیشن اینڈ انفوٹینمنٹ سسٹم لگایا گیا ہے۔ ٹرین کاوچ (ٹرین کے تصادم سے بچاؤ کا نظام) سے لیس ہے۔ ہر کوچ میں ایمرجنسی لائٹنگ لگائی گئی ہے۔ کوچ کے باہر ریئر ویو کیمرہ سمیت 4 پلیٹ فارم سائیڈ کیمرے لگائے گئے ہیں۔ مالدہ ٹاؤن اسٹیشن پر جناب مولانا معید الاسلام جنرل سیکرٹری جمیعۃ علماء ضلع مالدہ اپنے متعلقین کے ساتھ قافلہ کے استقبال کے لئے موجود تھے، سیزن کا بہترین پھل آم مالدہ کا بہت مشہور ہے قافلہ ہر ہر فرد کے لئے پیکٹ بنا کر بوری میں لائے تھے، تھوڑی دیر کے بعد ایک ایک پیکٹ جس کا وزن کم وبیش پانچ کیلو تھا سب کی سیٹ پر پہنچایا گیا رات ساڑھے دس بجے ہاوڑہ اسٹیشن پر گاڑی لگی الحمدللہ سب خیر خوبی کے ساتھ اترے اس طرح اس قافلہ کا سفر بحسن وخوبی اختتام پذیر ہوا وہاں سے ہم لوگ انفرادی گاڑیوں سے اپنے گھروں کو لوٹ گئے اس طرح چار روزہ یادگار دورہ اپنے تکمیل کو پہنچا فللّٰہ الحمد۔***

# راہل گاندھی نے اوم برلا سے ملاقات کی

نئی دہلی 27 جون (یو این آئی) لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے جمعرات کو ایوان کے اسپیکر اوم برلا سے ملاقات کی۔ مسٹر گاندھی کے ساتھ اپوزیشن جماعتوں کا ایک وفد بھی تھا۔ مسٹر برلا کے ساتھ مسٹر گاندھی کی یہ ملاقات لوک سبھا کے اسپیکر کے چیمبر میں ہوئی۔ اس دوران اپوزیشن کے کئی دیگر اراکین پارلیمنٹ بھی موجود تھے۔ ان اراکین پارلیمنٹ میں نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کی سپریا سولے، سماج وادی پارٹی کی ڈمپل یادو، راشٹریہ جنتا دل کی میسا بھارتی، دراوڑ منیترا کزگم کی کنی موزی، ریپبلکن سوشلسٹ پارٹی کے این کے پریم چندرن، ترنمول کانگریس کے کلیان بنرجی اور کانگریس کے گاؤگو شامل ہیں۔ کے۔ سریش کے، سی وینو گوپال اور ششی تھرور اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کے اراکین موجود تھے۔ لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف بننے کے بعد مسٹر برلا سے مسٹر گاندھی کی یہ پہلی خیرسگالانہ ملاقات تھی۔



# ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی - راشٹریہ سماج سدھر سنگٹھن کے قومی سربراہ اور دیش کا وکاس کے قومی چیئرمین نے حالیہ NEET UG 2024 کے تنازعہ پر اپنی گہری سنجیدگی کا اظہار کیا اور وزیر اعظم، وزیر داخلہ اور وزیر تعلیم سے NEET UG 2024 تنازعہ کی تحقیقات کرنے کی درخواست کی

سری نگر، نئی دہلی راشٹریہ سماج سدھر سنگٹھن کے قومی سربراہ ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی اور دیش کا وکاس کے قومی چیئرمین نے NEET UG 2024 کے مبینہ تنازعہ پر ناراضگی کا اظہار کیا اور وزیر اعظم، وزیر داخلہ اور وزیر تعلیم سے اعلان کیا کہ NEET UG کی ٹھوس تحقیقات کا مطالبہ کریں۔ 2024 گھوٹالہ۔ ایک پریس میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ "ٹیکنالوجی اور ترقی کے جدید دور میں قوم نے نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعہ کئے گئے حالیہ NEET UG 2024 کے امتحانات پر ایک تنازعہ دیکھا جس سے بظاہر لاکھوں طلباء کا کیریئر تباہ ہو گیا"۔ ایک اور بیان میں ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی نے انکشاف کیا کہ 4 جون کو این ای ای ٹی کے نتائج کا اجراء این ٹی اے کی تاریخ میں ایک بے مثال واقعہ دیکھنے میں آیا، جس میں 67 طلباء نے 720 کا کامل اسکور حاصل کیا جو ہریانہ کے ایک مرکز کے چھ طلباء کے طور پر ممکنہ خرابی کے بارے میں خدشات کو جنم دیتا ہے۔ فہرست میں فرید آباد بھی شامل تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس تنازعہ نے طلبہ برادری کے حوصلے پست کیے ہیں اور لاکھوں طلبہ کا مستقبل خطرے میں ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم، وزیر داخلہ اور وزیر تعلیم سے اپیل کی کہ وہ اس تنازعہ کا کوئی مناسب حل نکالیں اور اس میں ملوث لاکھوں طلباء کے مستقبل کو بچائیں۔ اپنے اختتامی کلمات میں انہوں نے وزیر اعظم، وزیر داخلہ اور وزیر تعلیم سے اپیل کی کہ وہ ملک میں اسسمنٹ اور امتحانات کے نظام کو اپ گریڈ کریں اور اسے فول پروف بنائیں تا کہ کسی بھی طرح سے بیک ڈور انٹری نہ ہو۔ انہوں نے مثبت کارکردگی کا مظاہرہ کیا کیونکہ وہ موجودہ حکومت پر یقین رکھتے ہیں اور ملک بھر میں تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے اپنی خواہشات کا اظہار کرتے ہیں تا کہ بہترین امیدوار کامیاب ہوں اور متحرک طور پر مختلف عہدے حاصل کر سکیں۔




# صدر جمہوریہ کے خطاب میں عوامی مسائل کا ذکر نہیں: کھڑگے

نئی دہلی، 27 جون (یو این آئی) کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے نے کہا ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب میں ملک کے عوام کے مسائل کو نظر انداز کیا گیا ہے اور عوامی مفاد کے مسائل کا کہیں بھی ذکر نہیں کیا گیا ہے اور ان پر پردہ ڈال دیا گیا ہے۔ محترمہ مرمو کے خطاب کا جواب دیتے ہوئے مسٹر کھڑگے نے کہا کہ حکومت نے عوامی مفاد کے مسائل اور مہنگائی، بے روزگاری، کم سے کم امدادی قیمت (ایم ایس پی)، منی پور میں تشدد، ریل حادثات کو کوئی ترجیح نہیں دی ہے۔ انہوں نے کہا "مودی حکومت کی طرف سے لکھے گئے صدر کے خطبے کو سننے کے بعد ایسا لگا جیسے وزیر اعظم نریندر مودی جی مینڈیٹ سے انکار کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ مینڈیٹ ان کے خلاف تھا کیونکہ ملک کے عوام نے ان کے 400 پار کرنے کے نعرے کو مسترد کر دیا اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو 272 کے اعداد و شمار سے دور رکھا۔ لیکن مودی جی یہ ماننے کو تیار نہیں ہیں۔ وہ ایسا برتاؤ کر رہے ہیں جیسے کچھ نہیں بدلا مگر سچ یہ ہے کہ ملک کے لوگوں نے تبدیلی مانگی تھی۔ مسٹر کھڑگے نے کہا" میں راجیہ سبھا میں اپنی تقریر میں تفصیلی جواب دوں گا، لیکن پہلی نظر میں میں کچھ باتیں کہنا چاہتا ہوں۔ "کانگریس صدر نے کہا" این ای ای ٹی امتحان گھوٹالے کو بے نقاب نہیں کیا جائے گا۔ پچھلے پانچ برسوں میں این ٹی اے کے ذریعے کرائے گئے 66 بھرتی امتحانات میں سے کم از کم 12 پیپر لیک ہوئے اور دھاندلی ہوئی، جس سے 75 لاکھ سے زیادہ نوجوان متاثر ہوئے۔ مودی حکومت صرف یہ کہہ کر اپنے احتساب سے نہیں بھاگ سکتی کہ اسے 'پارٹی سیاست سے اوپر اٹھنا' چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان انصاف کا مطالبہ کر رہا ہے۔ اس کی ذمہ داری مودی حکومت کے وزیر تعلیم کو لینا ہوگی۔ ملک کا ہر دوسرا نوجوان بے روزگار ہے اور بے روزگاری دور کرنے کی کوئی ٹھوس پالیسی تقریر میں سامنے نہیں آئی۔ مسئلہ صرف بات چیت سے حل نہیں ہو سکتا، اس کے لیے فیصلہ کن اقدامات کرنے ہوں گے۔ مسٹر کھڑگے نے کہا کہ صدر جمہوریہ کی پوری تقریر میں ملک کو درپیش پانچ اہم مسائل کا ایک بھی ذکر نہیں ہے۔ کمر توڑ مہنگائی کی وجہ سے روزمرہ کی اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں دن دگنی اور رات چوگنی بڑھ گئی ہیں۔ خوراک کی مہنگائی چار ماہ سے 5.8 فیصد سے زائد رہی۔ آٹا، دالیں، ٹماٹر، پیاز، دودھ، ہر چیز کی قیمتیں آسمان پر ہیں۔ ملک میں گھریلو بچت 50 برسوں میں اپنی کم ترین سطح پر ہے۔ لیکن پورے خطاب سے مہنگائی کا لفظ غائب ہے۔ منی پور میں 13 ماہ سے مسلسل تشدد جاری ہے۔ منی پور تشدد میں 221 لوگوں کی جان جا چکی ہے اور 05000,لوگ اب بھی بے گھر ہیں۔ تشدد کی آگ اب جریبام جیسے پر امن اضلاع میں پھیل چکی ہے جبکہ وادی امپھال اور دیگر علاقوں میں بھتہ خوری اور اغوا کی وارداتوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ لیکن بی جے پی کے وزیر اعلیٰ ابھی تک اقتدار میں ہیں اور اب تک امن کے لیے کوئی ٹھوس پہل نہیں ہوئی ہے۔ ریل حادثات کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر کھڑگے نے کہا" صدر جمہوریہ کی تقریر میں ہولناک ریل حادثات اور ٹرینوں میں مسافروں کی حالت زار کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ مغربی بنگال میں ٹرین حادثے کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ حکومت نے بھی بالاسور ٹرین سانحہ سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔




# سارن میں دو ملزمان اسلحہ سمیت گرفتار

چھپرہ، 27 جون (نمائندہ) سارن ضلع کے مانجھی تھانہ علاقے سے پولیس نے دو بدمعاشوں کو ہتھیاروں کے ساتھ گرفتار کیا ہے۔

سارن کے پولیس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر کمار آشیش نے جمعرات کو بتایا کہ خفیہ اطلاع کی بنیاد پر تھانہ پولس نے نرپلیا گاؤں میں پکی سڑک پر تاج پور جانے والے راستے میں تھانہ علاقے کے غیرت پور کے رہنے والے بدمعاش آیوش رائے اور چیپول گاؤں کے رہنے والے بدمعاش ابھی کمار گپتا عرف کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ان کے قبضے سے تین دیسی ساختہ پستول، کچھ کارتوس، ایک موٹر سائیکل اور دو موبائل فون برآمد ہوئے۔

ڈاکٹر آشیش نے کہا کہ گرفتار مجرموں کے خلاف تعزیرات ہند (آئی پی سی) کی متعلقہ دفعہ کے تحت ایف آئی آر درج کی گئی ہے اور انہیں جیل بھیج دیا گیا ہے۔ چھاپے کے دوران ایک بدمعاش فرار ہو گیا۔ اس حوالے سے اطلاع ملنے کے بعد پولیس اس کی گرفتاری کے لیے چھاپے مار رہی ہے۔